الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name : **muhammad yasin ch**

Address :

Subject : **UMRAH**

Writer صبغت اللہ

Serial No : **15734**

Date : **6/17/2012**

Contact No:

Email :

Number of days have been passed to put a question to your honour regarding performance of umrah from bank's(ABL) retirements benefits. Kindly apprise me with your Fatwa as early as possible.
Thanks & regards,
Muhammad Yasin Chaudhry

سوال

کئی دن گزر چلے آپکی خدمت میں ایک اپیش کیا تھا عمرہ سے متعلق کہ (ABL) بنک کی ریٹائرمنٹ پنشن سے عمرہ کیا جا سکتا ہے؟ براہ مہربانی جلدی جواب عنایت فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلياً

سائل کی ملازمت اگر بینک کے ایسے کام سرانجام دینے کی تھی جس کا تعلق براہِ راست سودی معاملات کی لکھت پڑھت سے ہو تو ایسی ملازمت اور اس سے حاصل ہونے والی تنخواہ یا پنشن ناجائز اور حرام ہے اور ایسی رقم سے عمرہ جیسی عبادت کا بجالانا بھی درست نہیں۔

اور اگر یہ ملازمت اس نوعیت کی تھی جس کا تعلق براہ راست سودی معاملات سے نہ ہو جیسے چوکیدار، مالی اور ڈرائیور وغیرہ کی ملازمت ہوتی ہے تو ایسی ملازمت اور اس سے حاصل ہونے والی تنخواہ کے متعلق علماءِ عصر کا اختلاف ہے اس بناء پر ایسی ملازمت اور اس سے حاصل ہونے والی رقم کے استعمال کی گنجائش ہے، چنانچہ مذکورہ پنشن اگر ایسی ملازمت سے حاصل ہوئی تھی تو اس سے عمرہ کرنا بھی درست ہے۔

فی تکملة فتح الملهم: تحت شرح الحدیث "عن جابر قال لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم آكل الربوا ومؤكله وكاتبه وشاهديه (إلى قوله) فإن عمل الموظف في البنك ما يعين على الربوا الخ (ج ١ ص ٦١٩)۔

والله أعلم بالصواب

صبغت اللہ عفا اللہ عنہ وعن والدیہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی نمبر ۱۴

۲۴/صفر المظفر/۱۴۳۵ھ

دار الافتاء 15734 ۱۴۳۵/۳/۵

7/1/14

الجواب صحیح

بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۲۷/صفر المظفر/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح

بندہ [illegible]

دار الافتاء جامعہ [illegible]

۳/ربیع الاول/۱۴۳۵ھ

نائب رئیس